# 28-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ حکومت سماج کو صحت مند بنانے اور سماج کی ترقی کیلئے کئی ایک اقدامات کررہی ہے۔

۲۔وزیراعظم نریندرمودی نے اوڈپی کا کیا دورہ کہا قومی مقصد کو پورا کرنے کیلئے 9 قراردادوں کیلئے شہریوں کا تعاون ضروری ہے۔

۳۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ این ڈی اے کے دور اقتدار میں ریلوے کی ترقی میں تیزی آئی ہے۔

۴۔ ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے بی سی طبقہ کی ترقی کیلئے کئی ایک تجاویز کو پیش کرنے مختلف محکمہ جات کے عہدیداروں کو دی ہدایت۔

Prime Minister

وزیراعظم نریندرمودی نے کرناٹک کے اڈپی میں سری کرشنا مٹھ کا دورہ کیا۔اس موقع پر وزیراعظم نے اڈپی میں سری کرشنا مٹھ میں عقیدتمندوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پانی اورندیوں کی حفاظت ایک پیڑ ماں کے نام میں حصہ داری کیلئے اورغربت میں مبتلا کم ازکم ایک شخص کو اوپر اٹھانے کے لئے اور ہمارے معاشی نظام کی حفاظت کیلئے اور سودیشی تحریک کی حوصلہ افزائی کیلئے سادھوؤں، عقیدتمندوں اور شہریوں کی مدد ضروری ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ صحت مند زندگی گزارنے کیلئے ادویات سے پاک زراعت کو فروغ دینے پر زوردیا۔انہوں نے ایندھن کے تیل میں کمی لانے اور یوگا کو زندگی کا ایک حصہ بنانے پر بھی زوردیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ قومی مقصد کو پورا کرنے کیلئے 9 قراردادوں کیلئے شہریوں کا تعاون ضروری ہے۔

Sound Byte.PM

اس موقع پر وزیر اعظم نے کہا کہ ہماری پرانی تاریخ کو نئی نسل کو واقف کروانے کی ضرورت ہے۔

ditwah cyclone

ڈیٹوا طوفان تیزی کے ساتھ ٹاملناڈو کے ساحل کی طرف آگے بڑھ رہا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق یہ طوفان کاریکل سے 320 کلومیٹر اور چینائی جنوب 530 کلومیٹر دور پر واقع ہے۔ اتوار تک شمالی ٹاملناڈو اور جنوبی آندھرا کے ساحل کو پہنچنے کا امکان ہے۔

President

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ حکومت سماج کو صحت مند بنانے اور سماج کی ترقی کیلئے کئی ایک اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عالمی سطح پر یوگا کو ایک پہچان دلانے اور مراقبہ کی حوصلہ افزائی کیلئے بین الاقوامی یوگا کی تشہیر کیلئے اقدامات کررہی ہے۔ 2025-26 سالانہ برہما کماریوں کے عالمی اتحاد، اعتماد کیلئے ایک تقریب کا لکھنؤ میں افتتاح ہوا۔ اس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہندوستان کی قدیم تہذیب ہمیشہ دنیا کیلئے ایک پیغام دیتی ہے۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ این ڈی اے کے دور اقتدار میں ریلوے کی ترقی میں تیزی آئی ہے۔ ریلوے لائنوں کی تعمیر، اسٹیشنوں کی جدید کاری کے علاوہ تلنگانہ میں بیک وقت چالیس ریلوے اسٹیشنوں کی بحالی کا کام جاری ہے۔ حیدرآباد کے ہائی ٹیک سٹی ریلوے اسٹیشن کے ترقیاتی کاموں کا کشن ریڈی نے جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ 720 کروڑ روپیوں کی لاگت سے سکندرآباد ریلوے اسٹیشن اور 424 کروڑ روپیوں کی لاگت سے

کاچی گوڑی ریلوے اسٹیشن کی جدید کاری کا کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد میں اب تک موجود سکندرآباد، کاچی گوڑہ، نامپلی، ٹرمینلس کے علاوہ حال ہی میں چرلہ پلی میں ایک اور ٹرمینل کا وزیراعظم نریندر مودی نے افتتاح کیا۔

Sound Byte. Kishan Reddy

کشن ریڈی نے کہا کہ ایم ایم ٹی ایس سکنڈ مرحلہ کو یادادری تک توسیع دینے کیلئے مرکزی حکومت فیصلہ لے چکی ہے۔

Revanth Reddy

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ 2025 کے لئے عہدیداروں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر عہدیداروں نے پالیسی ڈاکومنٹ پر پاور پوائنٹ پرزنٹیشن پیش کیا۔ وزیراعلیٰ نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ بیرون ممالک سے مسابقت، ریاست کی ترقی کیلئے تلنگانہ رائزنگ 2047ء پالیسی ڈاکومنٹ تیار کرنے عہدیداروں پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ میں موجود وسائل کو بیرونی سرمایہ کاروں کو واقف کروانے کی ضرورت ہے۔

Bhatti Vikramarka

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے پرجا بھون میں ارکانِ پارلیمنٹ کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ارکانِ پارلیمنٹ سے کہا کہ وہ سیاست سے بالاتر ہوکر ریاست کے مفادات کیلئے اور ریاست کی ترقی کیلئے ریاستی مسائل کو وزیراعظم، مرکزی وزراءکے سامنے پیش کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے بی سی طبقہ کو 42 فیصد ریزرویشن کی فراہمی کیلئے آئین کے شیڈول 9 میں اس کو شامل کرنے کے لئے پارلیمنٹ کے اجلاس میں اس مسئلہ کو اٹھانے ارکانِ پارلیمنٹ کو ہدایت دی۔

Phule

تلنگانہ او بی سی مورچہ کی قیادت میں حیدرآباد میں واقع بی جے پی کے دفتر میں مہاتما جوتی راؤ پھولے کی برسی منائی گئی۔ اس موقع پر مہاتما جوتی راؤ پھولے کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ اس موقع پر رکن پارلیمنٹ لکشمن نے بات کرتے ہوئے کہا کہ آنے والے انتخابات میں بی جے پی کامیابی حاصل کرنے پر بی سی طبقہ کے لیڈر کو وزیر اعلیٰ بنائے گی۔ انہوں نے کانگریس پر الزام لگایا کہ کانگریس صرف ووٹ بینک کیلئے عمل نہ ہونے والے وعدے عوام سے کرتے ہوئے عوام کو دھوکہ دیا۔

PM - MANN KI BAAT:

وزیر اعظم نریندر مودی اس مہینہ کی 30 تاریخ کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 128 واں ایپی سوڈ رہے گا۔ آکاش وانی اور دوردرشن کے تمام نٹ ورکس کے علاوہ اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایئر موبائل ایپ پر پروگرام نشر ہوگا۔ اس کے علاوہ ایر نیوز، ڈی ڈی نیوز، پی ایم او، اطلاعات ونشریات کے محکمہ ذریعہ یوٹیوب چینل میں بھی من کی بات پروگرام نشر ہوگا۔ ہندی نشریات کے بعد علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دوبارہ نشر ہوگا۔

IIT

آئندہ ماہ کے چار اور چھ تاریخ تک ملک کے سب سے بڑے میٹا ر الیجسٹ اور میٹریل سائنسدانوں کے اجلاس آئی آئی ٹی حیدرآباد کیمپس اس کی میزبانی کرے گا۔ ماہرین، تحقیق کار پاور پوائنٹ پرزنٹیشن میں صنعت اور تعلیم سے متعلق اضافہ کرے گا۔ ان باتوں کا اظہار آئی آئی ٹی حیدرآباد کے ڈائرکٹر بی ایس مورتی نے کیا۔ جمعرات کو انہوں نے حیدرآباد میں میڈیا سے بات

کرتے ہوئے کہا کہ تین روز تک جاری رہنے والے اس پروگرام میں آئی آئی ایم 79 سالانہ تکنیکی اجلاس اہم ثابت ہوگا۔

Sound Byte. Prof. Murti

آئی آئی ایم وائس پریسیڈنٹ مشرا دھاتو نگم، سی ایم ڈی ڈاکٹر ایس وی ایس نارائنا مورتی نے کہا کہ یہ پروگرام بہت ہی اہم ثابت ہوگا۔

suresh dharmapuri

آکاش وانی حیدرآباد کے مرکز میں اسسٹنٹ ڈائرکٹر کے طور پر خدمات انجام دینے والے سریش دھرماپوری اتوار کو اپنے عہدہ سے سبکدوش ہورہے ہیں۔ 1998ء سے انہوں نے مرکزی اطلاعات ونشریات کے شعبہ میں مختلف محکمہ جات میں خدمات انجام دے چکے ہیں۔ آکاش وانی حیدرآباد کے شعبہ نیوز میں ایڈیٹر کی حیثیت سے اور دیگر عہدوں پر اپنی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ آج آکاش وانی کے مرکز میں وداعی تقریب منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں کلسٹر ہیڈ ڈی ڈی جی ہری سنگھ، شعبہ نیوز کے قائد ایم ایس مہیش نے بات کرتے ہوئے کہا کہ دو دہائیوں سے زیادہ مختلف شعبوں میں ان کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ اس پروگرام میں آکاش وانی آر این یو کے سریش نے سریش دھرماپوری کی گلپوشی بھی کی۔

High Court

تلنگانہ میں پنچایت انتخابات سے متعلق جاری کئے گئے جی 46 کو چیالنج کرتے ہوئے داخل کی گئی ایک درخواست پر اسٹے دینے سے ہائی کورٹ نے انکار کردیا۔ ہائی کورٹ نے کہا کہ انتخابی نوٹیفکیشن کی اجرائی کے بعد وہ اس میں مداخلت نہیں کرسکتے۔ ہائی کورٹ نے کہا کہ ہم نے ہی انتخابات کرنے کی ہدایت دی تھی۔ اس کے بعد پھر ہم ہی اسٹے نہیں دے سکتے۔

Commission

تلنگانہ الیکشن کمیشن نے ریاست میں ہونے والے گرام پنچایت کے انتخابات کے ضمن میں شکایت درج کروانے کیلئے گریونس ماڈیول کا آغاز کیا۔ ریاستی الیکشن کمیشن کے ویب سائٹ میں اس سہولت کو رکھا گیا ہے۔ اس کے ذریعہ شکایت اور اس کی پیشرفت کو بھی ٹریک کیا جاسکتا ہے۔ یہ کام جمہوریت کے استحکام اور عوام کے مفاد کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ یہ اقدام ایک جوابدہی کو پیدا کرے گا۔

Stop

ورنگل ضلع کے محمود پٹنم گرام پنچایت کے انتخاب پر ہائی کورٹ نے روک لگاتے ہوئے عبوری احکامات جاری کئے۔ اس گاؤں میں صرف چھ ووٹ رہنے والے ایس ٹی طبقہ کو گرام پنچایت کی سیٹ مختص کرنے اور تین وارڈوں کو ریزرو کرنے پر داخل کی گئی ایک درخواست کی ہائی کورٹ نے سماعت کی اور ہائی کورٹ نے اس گاؤں کے انتخاب کو روک لگانے کے احکامات جاری کئے۔

Ponnam

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے بی سی طبقہ کی ترقی کیلئے کئی ایک تجاویز کو پیش کرنے مختلف محکمہ جات کے عہدیداروں کو دی ہدایت۔ ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے تلنگانہ رائزنگ 2047ء پالیسی کیلئے محکمہ بی سی کے عہدیداروں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر پونم پربھاکر نے کہا کہ ریاست میں پسماندہ طبقات کی ترقی، زرعی کسانوں اور دستکاروں کی ترقی ضروری ہے۔

OO